© rasailojaraid.com

# کتاب نما

**قرآنِ مجید بحیثیت ماخذِ سیرت**، مولانا محمد عمر اسلم اصلاحی۔ ناشر: مکتبہ قاسم العلوم، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۰۴۲-۳۷۲۲۴۸۲۰۹۔ صفحات: ۳۳۵۔ قیمت: ۴۶۰ روپے۔

سیرتِ طیبہؐ کے مختلف پہلوؤں اور گوشوں پر بیسیوں بلکہ سیکڑوں کتابیں اور مقالات لکھے جاچکے ہیں لیکن قرآنِ حکیم کی روشنی میں سیرتِ پاکؐ پر کم ہی قلم اُٹھایا گیا ہے۔ ایک صدی پہلے مولانا ابوالکلام آزاد نے لکھا تھا: ''آج تک کبھی اس کی کوشش نہیں کی گئی کہ صرف قرآنِ حکیم میں دائرہ استناد و اخذ محدود رکھ کر ایک کتاب سیرت میں مرتب کی جائے''۔ مولانا آزاد نے مولانا شبلی کو بھی اس طرف متوجہ کیا تھا۔ ۲۰۱۰ء میں دارالمصنّفین اعظم گڑھ میں منعقدہ سیمی نار بہ عنوان 'مصادرِ سیرت' میں مولانا محمد عمر اسلم اصلاحی نے اپنے لیے موضوع ''سیرتِ رسولؐ کا اہم ترین ماخذ قرآنِ مجید'' منتخب کیا۔ زیرنظر کتاب اسی مقالے کی توسیع ہے۔

فاضل مصنّف کہتے ہیں کہ قرآنِ حکیم سیرتِ رسولؐ کا سب سے اہم، بنیادی، معتبر اور مستند ماخذ ہے۔ کتاب کے پہلے حصّے میں ۲۴ عنوانات کے تحت سیرتِ پاکؐ کے مختلف پہلو نمایاں کیے گئے ہیں۔ ہر عنوان میں اوّلاً ایک مختصر سی 'تمہید' ہے۔ بعدہٗ قرآنِ حکیم کی متعلقہ آیات اور ان کا اُردو ترجمہ، پھر اس کی وضاحت۔ اسی طرح دوسرے حصّے میں دعوت کے ۱۸ پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے۔

ہمارے ہاں محبتِ رسولؐ اور عشقِ رسولؐ کے اظہار کے لیے بہت کچھ کیا جاتا ہے۔ اگر اس کتاب کی مدد سے قرآنِ حکیم کی روشنی میں دیکھا جائے کہ محبتِ رسولؐ کے اصل تقاضے کیا ہیں، تو شاید ہماری عملی زندگیوں میں کچھ تبدیلی آجائے۔ (رفیع الدین ہاشمی)



© rasailojaraid.com